نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

6 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

005/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے متاثرین سیلاب کو معاوضہ کی ادائیگی کیلئے 190 ملین ڈالر کی اعانت

اسلام آباد (6 جنوری 2011ء) ___ افغانستان اور پاکستان کیلئے امریکہ کے قائم مقام خصوصی نمائندہ فرینک روجیرو نے آج اعلان کیا ہے کہ امریکہ شہریوں کی املاک کو پہنچنے والے نقصان کا معاوضہ ادا کرنے کیلئے حکومت پاکستان کے قائم کردہ فنڈ (سی ڈی سی ایف) میں انیس کروڑ (190 ملین) ڈالر دے گا۔ وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ سے اپنی ملاقات کے بعد فرینک روجیرو نے کہا کہ یہ اعانت پاکستان کے عوام اور حکومت کے ساتھ جامع اور طویل مدتی اشتراک کار کے امریکی عزم کی عکاس ہے۔

حکومت پاکستان نے سیلاب زدہ علاقوں میں سولہ لاکھ خاندانوں کو نقد امداد فراہم کرنے کیلئے سی ڈی سی ایف قائم کیا ہے۔ یہ فنڈ ابتدائی طور پر ہر مستحق خاندان کیلئے بیس ہزار پاکستانی روپے (تقریباً 235 ڈالر) مالیت کی نقد رقم پر مشتمل ہے۔ لگ بھگ تیرہ لاکھ خاندان پہلے ہی بیس ہزار روپے کی ابتدائی گرانٹ وصول کر چکے ہیں اور مزید اقساط کی ادائیگی کیلئے منصوبہ بندی جاری ہے۔

انیس کروڑ ڈالر کی یہ امداد کیری لوگر برمن قانون کے تحت مختص کردہ فنڈز میں سے ادا کی جائے گی۔ فرینک روجیرو نے کہا کہ آج کیا جانے والا یہ اعلان اس بات کا ایک اور ثبوت ہے کہ امریکہ پاکستانیوں کو اپنی زندگیوں کو از سر نو شروع کرنے میں مدد دینے کی غرض سے بحالی اور تعمیر نو کیلئے اعانت فراہم کرتا رہے گا۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ فنڈ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو انتہائی ضرورت کی اس گھڑی میں براہ راست فائدہ پہنچا رہا ہے۔

امریکہ نے سیلاب سے جنم لینے والے انسانی بحران پر اپنے فوری اور فراخدلانہ ردعمل کا اظہار کیا۔ یہ آفت آنے کے فوراً بعد سے لے کر اب تک فوجی طیاروں کے ذریعے امداد کی ترسیل کے علاوہ حکومت امریکہ لاکھوں پاکستانیوں کو سر چھپانے کے ٹھکانے، خوراک، پینے کا پانی، زرعی معاونت اور صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے تقریباً 600 ملین ڈالر کی امداد فراہم کر چکی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3